سوال

(962) شیخ ثناء اللہ مدنی صاحب کے علم و تعلیم کے متعلق ایک سوال

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آپ نے مدینہ یونیورسٹی سے کب اور کس شعبہ میں سندِ فراغت حاصل کی۔ نیز وہاں جامعہ میں اور یہاں پاکستان میں آپ کے مشہور اساتذہ کون کون سے ہیں؟ (محمد صدیق تلیاں۔ سمندر کٹھ ضلع ایبٹ آباد) (۲۱ اگست ۱۹۹۸ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میں مدینہ یونیورسٹی سے ۱۹۶۸ء میں شریعت کالج سے امتیازی حیثیت سے فارغ ہوا۔ اس وقت یہ واحد کالج تھا، باقی سب بعد میں بنائے گئے۔ بعد میں ڈبل ایم اے کیا۔ میرے بہت سارے شیوخ ہیں۔ ان میں سے حافظ عبد اللہ محدث روپڑی۔ محدث گوندلوی۔ علامہ البانی، علامہ محمد الامین الشنقیطی صاحب تفسیر اضواء البیان۔ ڈاکٹر تقی الدین الہلالی رحمہ اللہ، شیخ الحدیث مولانا محمد عبدہ الفلاح، مولانا عبدالغفار حسن، علامہ الشیخ حماد الانصاری۔ علامہ قادر بخش بہاول پوری وغیرھم۔

مکمل تفصیل میری کتاب ''تذکرة الجہابذة الدرری'' میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، ثناء اللہ مدنی سے چند سوالات: صفحہ:660

محدث فتویٰ